سوال

مجھ سے ایک شخص نے شادی کی خواہش کا اظہار کیا میرا خیال ہے کہ وہ ایک نیک وصالح شخص ہے اور میں نے اس سے شادی کی موافقت بھی کرلی لیکن میرے والدین درج ذیل اعتراض کرتے ہیں : وہ کہتے ہیں میں ابھی بہت چھوٹی ہوں، ان کا خیال ہے کہ جب ہماری شادی ہوگئی تو ہم اخراجات پورے نہیں کرسکیں گے کیونکہ ہم طالب علم ہیں، وہ چاہتے ہیں کہ میں پہلے تعلیم مکمل کرلوں، ایف اے کے آخری سال میں ہوں، یا پھر شادی سے قبل بی اے مکمل کرلوں، کیونکہ ان کے خیال میں اگر میں نے شادی کرلی تو میری تعلیم مکمل نہیں ہوسکے گی، برائے مہربانی کوئی نصیحت کریں

جواب

الحمد للہ

اول :

شیخ محمد بن صالح العثیمین رحمہ اللہ سے اس طرح کا سوال دریافت کیا گیا توان کا جواب تھا :

"اس کا حکم یہ ہے کہ ایسا کرنا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کی خلاف ورزی ہے کیونکہ آپ کا فرمان ہے :

"جب تمہارے پاس کوئی ایسا شخص آئے جس کا دین اور اخلاق تمہیں پسند ہو تو اس سے اپنی لڑکی کی شادی کردو"

بلاشک آپ کے والد کا کفو اور برابر کے رشتہ سے شادی کرنے سے روکنا حرام عمل ہے، اور پھر شادی تعلیم سے اہم ہے اور اور شادی کرنا تعلیم کے منافی نہیں کیونکہ شادی اور تعلیم دونوں جمع ہو سکتی ہیں

اس لیے میں اپنے بھائیوں کو نصیحت کرتا ہوں کہ جو کوئی بھی عورتوں کا ولی ہے وہ اس کی تعلیم وتدریس کی تکمیل کرنا چاہتا ہے تو عورت کے لیے خاوند پر تعلیم مکمل کرنے کی شرط رکھنا ممکن ہے، اور وہ نکاح کے بعد بھی تعلیم مکمل ہونے تک تعلیم جاری رکھے گی

دیکھیں : فتاوی المراۃ المسلمۃ (2/704-705).

دوم :

آپ نے جس شخص کے رشتہ کے متعلق بیان کیا ہے کہ وہ ابھی زیر تعلیم ہے اگر اس کے پاس شادی کرنے کی استطاعت ہے اور وہ بہتر طریقہ سے گھریلو اخراجات پورے کرسکتا ہے تو پھر اس کے لیے تعلیم شادی میں مانع نہیں

لیکن اگر شادی اور گھریلو اخراجات مالی استطاعت میں تعلیم آڑے آتی ہے یعنی انتہائی زیادہ خرچ کے علاوہ جو بعض خاندان شرط لگاتے ہیں تو درج ذیل فرمان باری تعالی میں مخاطب ہے :

اور وہ لوگ جو شادی کی استطاعت نہیں رکھتے وہ عفت و عصمت اختیار کریں حتی کہ اللہ انہیں اپنے فضل سے غنی و مالدار کردے النور (33).

قرطبی رحمہ اللہ کہتے ہیں :

"اللہ سبحانہ وتعالی نے اس آیت میں حکم دیا ہے کہ جس شخص کے لیے نکاح کرنا مشکل ہواور وہ اسے کسی بھی طریقہ سے نہ حاصل کرسکے تو اسے عفت و عصمت اختیار کرنی چاہیے، پھر جب غالب طور پر نکاح کے موانع میں مالی حالت کا صحیح نہ ہونا تھا تو اللہ سبحانہ وتعالی نے انہیں اپنے فضل سے مالدار و غنی کرنے کا وعدہ فرمایا کہ اللہ اسے اتنا کچھ دے گا جس سے وہ شادی کرسکے گا، یا پھر اسے کوئی ایسی عورت مل جائیگی جو قلیل سے مہر پر راضی ہوجائیگی یا اس سے عورتوں کی شہوت زائل ہوجائیگی "

دیکھیں : تفسیر القرطبی (242/12).

یہ جاننا ضروری ہے کہ مہر اور نفقہ عورت کا حق ہے نہ کہ اس کے ولی کا، اس لیے عورت کو حق حاصل ہے کہ وہ قلیل مہر پر راضی ہوجائے اور کم اخراجات پر اکتفا کرلے، اور جس کے متعلق اسے علم ہو کہ وہ فقیر اور تنگ دست ہے اس سے شادی کرلے، لیکن یہاں ایک تنبیہ کرنا ضروری ہے کہ بہت ساری عورتیں اس وقت تو راضی ہوجاتی ہیں جب کسی فقیر و تنگ دست کا رشتہ آئے لیکن جب وہ اس کے ساتھ زندگی بسر کرنا شروع کرتی ہیں اور کچھ مدت بعد اس پر ناراض ہونا شروع ہوجاتی ہیں، جس کے نتیجہ اختلافات اور جھگڑے اور پھر طلاق تک نوبت جا پہنچتی ہے، اس لیے اس کو بھی مد نظر رکھنا چاہیے اور نکاح سے پہلے سوچا جائے

سوم :

ہم خاندانوں اور عورتوں کے اولیاء کو نصیحت کرتے ہیں کہ وہ اپنی بیٹیوں اور اپنی ذمہ داری میں رہنے والی عورتوں کی شادی میں روڑے مت اٹکائیں کہ وہ لمبے چوڑے اخراجات کی قید مت لگائیں، کہ اس طرح وہ اپنی بیٹیوں کے مستقبل کا اطمنان چاہتے ہیں، اس طرح ان لڑکیوں سے نکاح کی رغبت رکھنے والے ان سے اعراض کرنے لگیں گے جس کے نتیجہ میں ان کی عمریں شادی سے اوپر چلی جائینگی اور وہ بغیر شادی ہی زندگی بسر کرینگی، جس میں بہت زیادہ شر و برائی ہے، اور خاص کر اس دور میں جو پر فتن ہے، اس طرح وہ اپنی بیٹیوں کے ساتھ اور اپنے ساتھ برا سلوک کر بیٹھیں گے حالانکہ وہ ان سے احسان کرنا چاہتے تھے

اللہ تعالی سے دعا ہے کہ وہ مسلمانوں کی حالت کو سدھارے اور ان کی اصلاح فرمائے

واللہ اعلم.